دانوشکا گوناتھلاکا اور نوان پرادیپ کی عمدہ کارکردگی نے سری لنکا کو پہلے ٹی ٹونٹی میں فتح دلادی

- اوپنر دانوشکا گونا تھلاکا کی جارحانہ بلے بازی، نصف سنچری اسکور کی
- فاسٹ باؤلر محمد حسنین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے کم عمر ترین باؤلر بن گئے
- نوان پرادیپ کی شاندار باؤلنگ، میزبان ٹیم کی3 اہم وکٹیں حاصل کیں
- سری لنکا نے پاکستان کو 64 رنز سے شکست دے دی

لاہور،5 اکتوبر 2019ء:

اوپنر دانوشکا گوناتھلاکا کی نصف سنچری اور نوان پرادیپ کی 3 وکٹوں کی بدولت سری لنکا نے آئی سی سی ٹی ٹونٹی رینکنگ میں پہلی پوزیشن پر براجمان پاکستان کرکٹ ٹیم کو 64 رنز کے بھاری مارجن سے شکست دے دی۔ 166 رنز کے تعاقب میں پاکستان کی پوری ٹیم18ویں اوور میں101 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔پاکستان کے 7 کھلاڑی ڈبل فگر میں داخل نہ ہوسکے۔

شائقین کرکٹ سے کھچا کھچ بھرے قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے گئے میچ میں پاکستان کے کپتان سرفراز احمد نے ٹاس جیت کر پہلے فیلڈنگ کا فیصلہ کیا۔ دانوشکا گوناتھلاکا اور اویشکا فرنینڈو پر مشتمل مہمان ٹیم کی اوپننگ جوڑی نے میدان میں آتے ہی دھواں دھار کھیل کا آغاز کیا اورمحض 29 گیندوں پر ٹیم کا مجموعہ 50 رنز تک پہنچادیا۔ دانوشکا گوناتھلاکا نے 32 گیندوں پر 8 چوکوں اور 1 چھکے کی مدد سے اپنی نصف سنچری اسکور کی۔ وہ 57 رنز بنا کر آؤٹ ہوئے۔میزبان ٹیم کی اوپننگ جوڑی کے درمیان 84 رنز کی شراکت قائم ہوئی۔ اویشکا فرنینڈو نے 3 چوکوں کی مدد سے 33 رنز بنائے۔ اننگز کے اختتامی اوورز میں بھانوکا راجاپاکسا اور کپتان داشن شناکا نے جارحانہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹیم کامجموعہ 165 تک پہنچانے میں مدد کی۔دونوں کھلاڑی نوجوان فاسٹ باؤلر محمد حسنین کا شکار بنے، جس کے بعد فاسٹ باؤلر نے شیہان جے سوریا کو2 اسکورپر آؤٹ کرکےاپنی ہیٹ ٹرک مکمل کی۔ محمد حسنین ٹی ٹونٹی انٹرنیشنل کرکٹ میں ہیٹ ٹرک کرنے والے کم ترین عمر باؤلر بن گئے ہیں۔میچ میں سری لنکا کے صرف 5 کھلاڑی آؤٹ ہوئے۔

جواب میں پاکستان کی جانب سے اننگز کا آغاز متاثر کن نہ رہا۔ نائب کپتان بابراعظم 13 رنز بنا کر فاسٹ باؤلر نوان پرادیپ کی گیند پر آؤٹ ہوگئے، جس کے بعد 9 رنز پرمیزبان ٹیم کےمزید2 کھلاڑی وکٹ گنوابیٹھے۔ طویل عرصے بعد ٹیم میں کم بیک کرنے والے احمد شہزاد 4 اور عمر اکمل بغیر کوئی رنز بنائے پویلین واپس لوٹ گئے۔کپتان سرفراز احمد اور مڈل آرڈر بیٹسمین افتخار احمد کے درمیان 46 رنز کی شراکت قائم ہوئی تاہم افتخار احمد 25 رنز بنا کر رن آؤٹ ہوگئے۔کپتان سرفراز احمد بھی 24 رنز بنا کر ہمت ہار گئے۔ دونوں کھلاڑیوں کے آؤٹ ہونے کے بعد کوئی بھی کھلاڑی زیادہ دیر وکٹ پر نہ ٹھہر سکا۔پاکستان کی آخری 7 وکٹیں محض 33 رنز پر گریں، جس کے نتیجے میں میزبان ٹیم17.4 اوورز میں101 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔نوان پرادیپ اور اشرو اڈانا نے 3،3 کھلاڑیوں کو آؤٹ کیا۔

پاکستان کے دورے پر آئی سری لنکا کرکٹ ٹیم کی یہ پہلی کامیابی ہے۔ پہلے ٹی ٹونٹی میچ میں بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے پر مہمان ٹیم کے اوپنر دانوشکا گوناتھلاکا کو مین آف دی میچ کا ایوارڈ دیا گیا۔

پاکستان اور سری لنکا کے درمیان دوسراٹی ٹونٹی میچ 7 اکتوبر کو قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلا جائے گا۔

– ENDS –